# سکول کمیونٹی چارٹر

## Communication. Respectful. Collaborative.

## بات چیت. باحترام. معاون.

مندرجہ ذیل سکول کمیونٹی چارٹر NSW کے پبلک سکولوں میں والدین، نگرانوں، معلمّین اور سکول کے عملے کی ذمہ داریاں واضح کرتا ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ ہمارے تعلیمی ماحولوں میں تعاون، مدد اور یگانگت پائی جاتی ہے۔

### ہمارے سکول کیا مہیا کرتے ہیں

NSW پبلک سکول طالبعلموں، عملے اور پوری سکول کمیونٹی کیلئے مثبت ماحول استوار کرنے کی خاطر کام کرتے ہیں جس سے طالبعلم کو سیکھنے میں مدد ملتی ہے۔ ہم یہ یقینی بنانے کیلئے محنت کرتے ہیں کہ ہر طالبعلم کو جانا جائے، اسکی قدر کی جائے اور اسکا خیال رکھا جائے۔

بہترین تعلیم تب میسّر آتی ہے جب والدین اور سکول مل کر کام کریں۔

سکول کمیونٹی چارٹر NSW Department of Education کے 2018-2022 سٹریٹجک پلان سے ہم آہنگ ہے۔



### مثبت ماحول

یہ اہم ہے کہ ہمارے NSW پبلک سکول مثبت ماحول ہوں اور والدین اور نگرانوں کو طالبعلموں کی پیش رفت اور سکول کے اعلانات سے آگاہ رکھا جائے۔

والدین اور نگران توقع کر سکتے ہیں کہ:

- انہیں طالبعلم کے سیکھنے کو فروغ دینے کیلئے ہمارے ساتھ مل کر کام کرنے کی خاطر ہمارے سکولوں میں خوش آمدید کہا جائے گا۔
- سکول کے عملے کی جانب سے اطلاعات بروقت، شائستہ اور معلوماتی انداز میں دی جائیں گی۔
- سکول کے عملے کے ساتھ انکے شفافیت، دیانت اور باہمی احترام پر مبنی پیشہ ورانہ تعلقات ہوں گے۔
- انکے ساتھ منصفانہ سلوک کیا جائے گا۔ معاشرے میں تنوّع کا احترام کرتے ہوئے برداشت اور افہام و تفہیم کو فروغ دیا جاتا ہے۔

ہم ایک دوسرے کے ساتھ احترام سے پیش آتے ہیں

ہم تمام طالبعلموں اور عملے کی فلاح کو اہمیت دیتے ہیں۔

**غیرمحفوظ رویّہ**
ہمارے سکولوں میں قابل قبول نہیں ہے

ہم سکول کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں

یہ یقینی بنانا کہ NSW پبلک سکولوں کی کمیونٹی کے تمام افراد کیلئے با احترام تعلیمی ماحول مہیا ہوں۔


هم معاون تعلیمی ماحول استوار کرتے ہیں

هم طالبعلموں کی تحصیل علم کو فروغ دینے کیلئے مل کر کام کرتے ہیں

هم سب کردار ادا کرتے ہیں



## ہمارے سکولوں کے ساتھ بات چیت



ہمارا عملہ آپکے ساتھ بات کرنے کیلئے ایسا وقت طے کرے گا جب وہ آپکو پوری توجہ دے سکتا ہو۔ براہ مہربانی یاد رکھیں کہ جس دوران ہمارا عملہ کلاس میں ہو یا دوسرے معاملات میں مصروف ہو، ہو سکتا ہے وہ آپکے سوالات کے جواب دینے کیلئے فوری طور پر دستیاب نہ ہو۔

ہمارے سکول اور کمیونٹیاں یہ یقینی بنائیں گے کہ تحریری رابطہ مناسب، منصفانہ اور پڑھنے میں آسان ہو۔ ہم چاہیں گے کہ آپ ای میل اور سوشل میڈیا کا مناسب استعمال کرتے ہوئے اپنے سکول سے رابطے میں رہیں اور سکول کمیونٹی میں آئندہ ہونے والے واقعات سے مطلّع رہیں۔

والدین، نگرانوں اور طالبعلموں کیلئے ہماری گائیڈ شکایات کے طریقے کے بارے میں مفید معلومات فراہم کرتی ہے:
https://education.nsw.gov.au/about-us/rights-and-accountability/complaints-compliments-and-suggestions/guide-for-parents-carers-and-students



## بااحترام بات چیت ایک حق ہے

روزگار کے تمام مقامات پر یہ محسوس کرنا لوگوں کا حق ہے کہ انکا احترام کیا جاتا ہے۔ ناقابل قبول اور ناگوار روّیے کی ہماری سکول کمیونٹیوں میں کوئی جگہ نہیں ہے۔

ہمارے سکولوں میں طالبعلموں، عملے اور کمیونٹی کی فلاح یقینی بنانے کی خاطر ناقابل قبول روّیے سے نبٹنے کے اقدامات کیے جائیں گے۔ اس میں سکول کمیونٹی سے رابطے پر پابندی لگانا، یا زیادہ سنگین کیسوں میں، معاملہ NSW پولیس کے حوالے کرنا شامل ہو سکتا ہے۔



### ناقابل قبول روّیے میں مندرجہ ذیل شامل ہے لیکن محض یہی ناقابل قبول روّیہ نہیں ہے:

- جارحانہ یا ڈرانے والی حرکات جیسے تشّدد، دھمکی آمیز اشارے یا جسمانی طور پر قریب آ جانا۔
- جارحانہ یا ڈرانے والی زبان، جس میں بیہودہ الفاظ کا استعمال، صنفی تعصّب، نسلی تعصّب یا توہین ظاہر کرنے والے تبصرے کرنا یا بدتمیز لہجہ شامل ہے۔
- سکول کمیونٹی کے افراد کے ساتھ انکے مذہب یا معذوری جیسے پہلوؤں کی وجہ سے مختلف سلوک کرنا۔
- نامناسب اور وقت ضائع کرنے والی بات چیت یا تحریری رابطہ۔

معاون. بااحترام. بات چیت.